© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**معزز مہمانان گرامی کی آمد:** یکم مئی بروز جمعرات مسلم لیگ (ق) کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلیم سیف اللہ اور سابق وفاقی منسٹر سینٹر سید مشاہد حسین دارالعلوم حقانیہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے تشریف لائے۔ اوران سے مختلف امور پر موجودہ حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ بعد میں ان سب حضرات نے مولانا صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر موجود صحافیوں سے پریس کانفرنس کی اوران حضرات کو دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات دکھائے گئے۔ ان حضرات نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں کی کارکردگی دیکھ کر نہایت ہی خوشگوار تاثرات کا اظہار کیا۔ اسی طرح جمعیت علماء اسلام کے بزرگ رہنما حضرت مولانا عبداللہ درخواستیؒ کے فرزند اکبر حضرت مولانا فداالرحمان درخواستی صاحب بھی یکم مئی کو تشریف لائے۔ آپکے ہمراہ صوبہ سندھ کے امیر جمعیت علماء اسلام مولانا قاری عبدالمنان صاحب اسکے علاوہ ناظم احمد علی اور مولانا عبدالخالق صاحب بھی ان کے ہمراہ تشریف لائے۔

**طالب علم عبدالرشید اور مولانا مفتی عبدالرحمٰن حقانی افغانی کا سانحہ ارتحال:** دارالعلوم کے درجہ رابعہ کے طالبعلم عبدالرشید گزشتہ دنوں کھیلتے ہوئے عصر کے بعد ریل گاڑی کی زد میں آگئے اور موقع پر ہی شہید ہوئے۔ مرحوم انتہائی محنتی اور شریف طالب علم تھے۔ انکی نماز جنازہ رات ساڑھے بارہ بجے دارالعلوم میں ادا کی گئی اور بعد ازاں میت انکے آبائی گاؤں بھجوادی گئی۔ اس موقع پر دارالعلوم کی فضا انتہائی سوگوار تھی۔ دارالعلوم حقانیہ کے تمام اساتذہ اور طلبہ آپکے اہل خاندان سے تعزیت کیلئے ان کے گاؤں ٹھنڈکوئی ضلع صوابی تشریف لے گئے۔ اسی طرح دارالعلوم حقانیہ کے انتہائی قابل اور جامع العلوم فاضل مولانا مفتی عبدالرحمٰن حقانی افغانی کا گزشتہ ماہ عین عالم شباب میں انتقال ہوا اور یہاں اکوڑہ خٹک (دارالہجرت) کے کیمپ میں سپرد خاک کردیئے گئے۔ نماز جنازہ میں دارالعلوم کے اکثر اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔ مرحوم کچھ عرصہ سے کینسر جیسے موزی مرض میں مبتلا تھے۔

**دارالعلوم کے مخلصین کو صدمات:** دارالعلوم حقانیہ اور حضرت مولانا عبدالحقؒ کے ایک انتہائی مخلص اور پرستار معتقد حاجی شوکت علی صاحب گزشتہ دنوں انتقال فرماگئے۔ آپ ابھی حال ہی میں حج سے واپس تشریف لائے تھے کہ اچانک معمولی بیمار ہوئے اور یہی بیماری جان لیوا ثابت ہوئی۔ آپ نہایت ہی عابد' زاہد' پرہیزگار انسان تھے' اور حضرت مولاناؒ کیساتھ آپکی عقیدت اور تعلق ایک مثالی تھا۔ عمر بھر دارالعلوم اور حضرت مولانا کے خانوادہ کیساتھ تعلق خاطر نباہ رکھا۔ اسی طرح لاہور کے حاجی صمد صاحب جو کہ دارالعلوم کے اکابرین کیساتھ دیرینہ رفاقت وتعلق رکھتے ہیں انکی زوجہ محترمہ بھی گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد لاہور میں انتقال فرماگئیں۔ ادارہ حاجی عبدالصمد صاحب' حاجی شوکت صاحب' شہید طالب علم عبدالرشید اور مفتی عبدالرحمان صاحب حقانی کے تمام سوگوار پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے اور قارئین سے ان کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل کی جاتی ہے۔

© rasailojaraid.com